[As INTRODUCED IN THE NATIONAL ASSEMBLY]

A

BILL

to develop mechanisms for making Tuberculosis (TB) Case Notification mandatory in the Islamabad Capital Territory and restricting over-the-counter sale of anti-Tuberculosis medication

**WHEREAS** Tuberculosis (TB) is an infectious disease endemic in Pakistan causing great human suffering making it imperative to reduce its morbidity and mortality in the country, in the national interest and also to fulfill our international commitments and obligations in this regard; and

**WHEREAS** it is necessary to ensure that TB patients receive only quality assured (QA) TB medicines; and to provide for matters ancillary thereto;

It is hereby enacted as follows:-

1. **Short title and commencement.**- (1) This Act shall be called The ICT Tuberculosis (Notification) Act, 2022.

(2) It shall extend to the Islamabad Capital Territory.

(3) It shall come into force at once.

2. **Definitions.**- (1) In this Act, unless there is anything repugnant in the Subject or Context,

(i) "Anti-tuberculosis drugs" means first line and second line drugs used for the treatment of Tuberculosis including but not restricted to the drugs mentioned in schedule to be notified by the Government from time to time given individually or in fixed dose combinations;

(ii) "Combined Management Unit, Tuberculosis Section" means the Tuberculosis Section of the Combined Management Unit for controlling AIDS, TB and Malaria;

(iii) "District Health Officer" means the District Health Officer of Islamabad district / Islamabad Capital Territory;

(iv) "Form" means the Tuberculosis Notification Form provided in the Schedule;

(v) "Government" means the Government of Pakistan;

(vi) "Laboratory" means a pathological laboratory conducting tests for human diseases;

(vii) "Laboratory In-charge" means the owner of laboratory and includes the person who performs the tests on a specimen in the Laboratory;

(viii) "Licensing authority" means authority for issuing licenses for retail and wholesale of drugs and medicines including anti-tuberculosis drugs;

(ix) "License holder" means a person in whose favor licensing authority has issued a license enabling for the retail sale or wholesale of drugs and medicines including anti-tuberculosis drugs.

(x) "Local public health facility" means and includes: all public sector Hospitals, Medical Centers, Rural Health Centers; Basic Health Units, and Dispensaries involved in TB Care in the Islamabad Capital Territory;

(xi) "Medical Practitioner" means a person who is registered with the Pakistan Medical Commission;

(xii) "Ministry" means the Federal Ministry of National Health Services, Regulation and Coordination, Government of Pakistan;

(xiii) "Notify" means a notification to the relevant officer in the District Health Office or local public health facility, of a diagnosed TB patient, in accordance with the procedures set forth under this Act;

(xiv) "Patient" means a person confirmed to be suffering from Tuberculosis on the basis of any diagnostic test prescribed in the National TB guidelines for pulmonary or extra-pulmonary TB patients;

(xv) "Prescription" means medicines or drugs prescribed by a registered medical practitioner or registered traditional medicine practitioner;

(xvi) "Prescribed protocols" means tuberculosis treatment regime;

(xvii) "Prescription holder" means a person in possession of a valid prescription;

(xviii) "Presumptive patient" means a person suspected to be suffering from TB having symptoms of cough and fever for more than two weeks duration without any known cause or explanation;

(xix) "Privacy and confidentiality" means that any information relating to patients, their families and contacts, will not be disclosed to any party except the appropriate medical professionals providing care and support to the patient;

(xx) Quality assured medicines means medicines recommended for use by the WHO End-TB Strategy and WHO's relevant medicines prequalification program and authorized for use in Pakistan by the Drug Regulatory Authority of Pakistan;

(xxi) "Registered traditional medicine practitioner" means a person who is registered under section 24 of the Unani, Ayurvedic and Homeopathic Practitioners Act (II of 1965) as amended from time to time;

(xxii) "Valid prescription" means a prescription issued by a registered medical practitioner that has not lapsed or been superseded, and has not already been used for dispensing drugs;

## PART-II-A

## TUBERCULOSIS CASE NOTIFICATION, RECORD KEEPING AND EDUCATIONAL OUTREACH

3. **Development and Distribution of Notification Forms.**- The office of the District Health Officer Islamabad shall distribute and deliver copies of the TB case Notification Form-A given at annex-I in the Schedule-II to every medical practitioner, private clinic, private hospital, registered traditional medicine practitioners, community leaders, TB civil society organizations and heads of hospitals and health facilities operating within the Islamabad Capital Territory, as may be necessary.

4. **Duties of registered Traditional Healthcare provider.** (1)A registered traditional healthcare provider shall notify the patient by sending a complete Form as provided in Form B Schedule, to the District Health Officer or a local public health facility.

(2) They shall also be obliged to,

(a) Inform their patients about the availability of free diagnostic and treatment services through public health facilities;

(b) The strategies for preventing the spread of tuberculosis;

(c) display a poster describing the notification requirement, symptoms of tuberculosis and measures that prevent its spread at a conspicuous location, which may be visible to the patients;

(d) advise the patients to access social protection systems as support during the course of their treatment;

(e) refer patients to appropriate counseling in the instance of side effects, and;

(f) inform the patient of the obligation for TB diagnosis, treatment and reporting to adhere to principles of privacy, confidentiality and freedom from stigma and discrimination.

5. **Notification of Tuberculosis patients by private pathological laboratories and hospitals.** (1) When a Laboratory identifies a positive Tuberculosis test result in a specimen of an individual, the Laboratory In charge shall send a complete Form as provided in Form-C Schedule, to the District Health Officer or a local public health facility.

(2) The head of a private hospital or clinic with more than one medical practitioners shall submit a complete form as provided in Form-D given in Schedule, to the District Health Officer or a local public health facility.

**PART-II-B**

**RESTRICTING THE SALE OF ANTI-TUBERCULOSIS DRUGS**

6. **Prohibition on over-the-counter sale of anti-tuberculosis drugs.-**

(1) A license holder including a pharmacy or a chemist/druggist store may not sell anti-tuberculosis drugs except to a valid prescription holder.

(2) If a license holder doubts the validity of a prescription, a license holder shall verify the contents of a prescription by contacting the issuing registered medical practitioner. If the authenticity of a prescription cannot be confirmed, a license holder shall refuse to sell anti-tuberculosis drugs to the customer.

7. **Prohibition on prescribing anti- tuberculosis drugs.-** A person may not prescribe anti-tuberculosis drugs unless he/she is a registered medical practitioner.

8. **Maintenance of record of sales of anti-tuberculosis drugs by the license holder.-** (1) A license holder shall maintain a record of sales of anti-tuberculosis drugs, as prescribed.

(2) A license holder shall share and transmit the record of sales of the prescribed anti-tuberculosis drugs.

9. **Quality Assurance measures.-** It will be incumbent upon the District Health Officer, private sector health professionals and pharmacies to ensure that only quality assured (QA) TB medicines; are provided to the patients.

**PART III**

**IMPLEMENTATION PROVISIONS**

10. **Process of Notification.-** A person responsible for notifying the patient under the provisions of this Act, shall fill in the prescribed form and send it by registered post or deliver it by hand to the District Health Officer or local public health facility within a week of diagnosing the case

11. **Role of District Health Officer.-** The District Health Officer Islamabad shall ensure the following actions:

(i) make a comprehensive list of all private registered medical practitioners; private clinics and private hospitals; private registered traditional medicine practitioners; and heads of private hospitals, clinics, pharmacies and laboratories in the Islamabad Capital Territory

(ii) Make forms, posters and other available to those responsible for Tuberculosis notification in the district.

(iii) Nominate one of his officers as District TB Coordinator, if not already done, who shall maintain a database of all such notifications as in case of public health facilities.

(iv) Communicate the provisions of this Act to all private health practitioners, private clinics, private hospitals, private healthcare providers, private laboratories and private pharmacies in-charge of premises in the district.

(v) Provide a poster of the National TB Treatment guidelines for all categories of drug-sensitive and drug-resistant TB cases to all TBMUs and private practitioners, while ensuring that only quality assured TB medicines are being prescribed and sold in the Islamabad Capital Territories.

(vi) Arrange awareness seminars / workshops in collaboration with the TB Section of the Combined Management Unit for AIDS, TB and Malaria for all public and private health practitioners, heads of private clinics and private hospitals, other private healthcare providers, private laboratories and pharmacies in the district to educate them about the provisions of this Act, while soliciting the support of community representatives.

## PART-IV
## JURISDICTION, SANCTIONS AND APPEALS

12. **Penalty.-** Any person who contravenes any provision of this Act shall be liable to be punished with a fine which may extend to **ten thousand rupees** for initial offenders and **twenty thousand rupees** for repeat offenders:

13. **Cognizance of Offence.-** No Court shall take cognizance of an offence under this Act except upon a complaint in writing made by the Secretary Ministry of National Health Services, Regulation and Coordination or an officer authorized by him in this regard.

14. **Jurisdiction.-** A Judicial Magistrate of the First Class or any higher judicial authority shall have jurisdiction to try the offences under this Act.

15. **Right of Appeal.-** (1). A person sentenced by the Judicial Magistrate may file an appeal before the District and Sessions Judge Islamabad, within thirty calendar days from the date on which sentence is passed.

(2). If satisfied that there has been a failure of justice, the District and Sessions Judge may set aside or modify the sentence; provided that he issues a written decision stating reasons for setting aside or modifying the sentence.

## PART V
## MISCELLANEOUS PROVISIONS

16. **Indemnity.-** No suit, prosecution or other legal proceedings shall lie against any officer for anything which is in good faith, done or intended to be done for carrying out the purposes of this Act or rules made there under.

## SCHEDULE
**(See section 2(xvii)**

**Form A**

**TB Notification Form to be filled by a Registered Medical Practitioner.**

| S.No. | Particulars of notifying medical practitioner. | Description |
|---|---|---|
| 1 | Name of referring physician | |
| 2 | PMC registration no. | |
| 3 | Address | |
| 4. | Telephone number | |
| 5. | Date of first visit of patient/ | |
| 6 | Date of onset of illness | |
| 7 | Date of sending notification form. | |
| **PARTICULARS OF PATIENT** | | |
| 8 | Name of the patient with father's or husband's name | |
| 9. | Age/date of birth | |
| 10 | Sex | |
| 11 | Religion | |
| 12 | Nationality/Tribe/Caste | |
| 13 | Phone number | |
| 14 | Address | |
| 15 | National I.D. Card number | |
| 16 | Occupation | |
| 17 | Socioeconomic status. | |
| **CLINICAL SUMMARY OF THE PATIENT** | | |
| 18 | History of Tuberculosis in family or close contacts | |
| 19 | Is this a case of re-treatment subsequent to loss to follow up, treatment failure or replace? | |

| | | |
|---|---|---|
| 20 | Symptoms, cough, fever, weight loss, night sweats. | |
| 21 | Co existing medical conditions AIDS, Diabetes. | |
| 22. | Sputum AFB or other findings. | |
| 23 | Culture of body fluids. | |
| 24. | Radiological findings. | |
| 25. | Pulmonary or Extra Pulmonary. | |
| **Treatment history** | | |
| 26. | Medicines already in use. | |
| 27. | Medicines advised. | |

**Form B**

**TB Notification Form to be filled by a Registered Traditional Medicine Practitioner.**

| **S.No** | **Particulars of notifying healthcare provider.** | **Description** |
|---|---|---|
| 1 | Name of healthcare provider. | |
| 2 | Practitioner's registration number. | |
| 3 | Address | |
| 4. | Telephone number | |
| 5. | Date of first visit of patient/ | |
| 6 | Date of onset of illness | |
| 7 | Date of sending notification form. | |
| **PARTICULARS OF PATIENT** | | |
| 8 | Name of the patient with father's/husband's name | |
| 9. | Age/date of birth | |
| 10 | Sex | |
| 11 | Religion | |
| 12 | Nationality/Tribe/Caste | |
| 13 | Phone number | |
| 14 | Address | |
| 15 | National I.D. Card number | |
| 16 | Occupation | |
| 17 | Socioeconomic status. | |
| **CLINICAL SUMMARY OF THE PATIENT** | | |
| 18 | History of Tuberculosis in family or close contacts | |
| 19 | Is this a case of re-treatment subsequent to loss to follow up, treatment failure or relapse? | |
| 20 | Symptoms, cough, fever, weight loss, night | |

| | | |
|---|---|---|
| | sweats. | |
| 21 | Co existing medical conditions AIDS, Diabetes. | |
| 22. | Sputum AFB or other findings. | |
| 23 | Culture of body fluids. | |
| 24. | Radiological findings. | |
| 25. | Pulmonary or Extra Pulmonary. | |
| 26. | Any other test performed | |
| **Treatment history** | | |
| 27. | Medicines already in use. | |
| 28. | Medicines advised. | |

**Form C**

**TB NOTIFICATION FORM TO BE FILLED BY THE HEAD/OWNER, PATHOLOGIST OR LABORATORY TECHNICIAN WORKING IN A PATHOLOGICAL LABORATORY**

| S.No. | Particulars of notifying person. | Description |
|---|---|---|
| 1 | Name of the incharge/pathologist of the pathological laboratory. | |
| 2 | Designation | |
| 3. | Qualification | |
| 4 | Address | |
| 5. | Telephone number | |
| 6. | Date of receiving specimen | |
| 7 | Name and designation of the person who has conducted test. | |
| 8 | Date of sending notification form. | |
| **PARTICULARS OF PATIENT** | | |
| 9 | Name of the patient with father's husband's name | |
| 10. | Age/date of birth | |
| 11 | Sex | |
| 12 | Phone number | |
| 13 | Address | |
| 14 | National Identity Card number | |
| **CLINICAL SUMMARY OF THE PATIENT** | | |
| 15 | Symptoms, cough, fever, weight loss, night sweats. | |
| **Test conducted. Results.** | | |
| 16 | Microscopic results of sputum | |
| 17 | Microscopic results of any other fluids | |
| 18. | Culture of sputum | |

| | | |
|---|---|---|
| 19 | Culture of body fluids. | |

**Form D**

**TB Notification From to be filled by those In Charge of Managing a Premises**

| **S.No.** | **Particulars of notifying person.** | **Description** |
|---|---|---|
| 1 | Name. | |
| 2 | Designation | |
| 3 | Address | |
| 4 | Telephone number | |
| 5 | Date when person started experiencing symptoms of cough and fever. | |
| 6 | Date of sending notification form. | |
| **PARTICULARS OF PATIENT** | | |
| 7 | Name of the patient with father's or husband's name | |
| 8 | Age/date of birth | |
| 9 | Sex | |
| 10 | Phone number | |
| 11 | address | |
| 12 | National Identity Card number | |
| **CLINICAL SUMMARY OF THE PATIENT** | | |
| 13 | Symptoms, cough, fever, weight loss, nightsweats. | |
| | **Test conducted. Results.** | |
| 14 | Mention if any tests conducted. | |

**Form E**

**TB Notification Form to be filled by the In charge of Pharmacy**

| **S.No.** | **Particulars of notifying medical practitioner.** | **Description** |
|---|---|---|
| 1 | Name of referring physician | |
| 2 | PMDC registration no. | |
| 3 | Address | |
| 4. | Telephone number | |
| 5. | Date of first visit of patient/ | |
| 6 | Date of onset of illness | |
| 7 | Date of sending notification form. | |

| PARTICULARS OF PATIENT | | |
|---|---|---|
| 8 | Name of the patient with father's / husband's name | |
| 9. | Age/date of birth | |
| 10 | Sex | |
| 11 | Religion | |
| 12 | Nationality/Tribe/Caste | |
| 13 | Phone number | |
| 14 | Address | |
| 15 | National I.D. Card number | |
| 16 | Occupation | |
| 17 | Socioeconomic status. | |
| **CLINICAL SUMMARY OF THE PATIENT** | | |
| 18 | History of Tuberculosis in family or close contacts | |
| 19 | Is this a case of re-treatment subsequent to loss to follow up, treatment failure or replace? | |
| 20 | Symptoms, cough, fever, weight loss, night sweats. | |
| 21 | Co existing medical conditions AIDS, Diabetes. | |
| 22. | Sputum AFB or other findings. | |
| 23 | Culture of body fluids. | |
| 24. | Radiological findings. | |
| 25. | Pulmonary or Extra Pulmonary. | |
| **Treatment history** | | |
| 26. | Medicines already in use. | |
| 27. | Medicines advised. | |

## STATEMENT OF OBJECTS AND REASONS

1. Tuberculosis (TB) is a killer infectious disease endemic in Pakistan causing great human suffering and adversely affecting the national economy, while destroying the social fabric of Pakistan. Currently it affects nearly 600,000 persons and kills around 44,000 persons annually in the country with its grave societal ramifications. The disease can only be controlled and ultimately eliminated if the existing TB cases are detected and cured to prevent them from infecting others, while taking other preventive measures against the disease. Although TB care diagnostic, treatment and

psychosocial services are freely provided to the people, it is imperative to reduce its prevalence and incidence in the country to eliminate this major public health menace from Pakistan. Currently around one-third of the new TB cases every year are missed and not notified in the official database, making it impossible to decrease the disease burden in Pakistan. For this purpose, the support of the private health sector, is crucial in reporting TB cases immediately so that they can be officially notified, in addition to certain measures restricting sale of TB medication to make a significant dent in addressing the problem along holistic lines.

2. The above Bill essentially seeks to:

a. Make TB a notifiable disease in the Islamabad Capital Territory, as already done in most of the provinces, to ensure that every case of Tuberculosis detected in the capital city is reported whether in the public or private sector, enabling proper follow-up till the optimal treatment outcomes are reached;

b. Make it mandatory for all private physicians and private laboratories treating or diagnosing TB patients of all sorts, to report the same to the district health authorities in accordance with a laid down procedure, already being practiced in the public health sector;

c. Make it mandatory for private pharmacies selling Anti TB Medicines to sell them only on a valid prescription and notify those patients through the eTB mobile application with an image of the prescription;

d. Ensure that all TB patients, particularly in the private sector, receive TB care services as a matter of right, including quality-assured TB medication with the right dosage by mandating that they are sold only on the prescription of a qualified medical practitioner; and

e. Provide TB patients privacy and confidentiality and access to social safety nets while scaling up efforts to alleviate the stigma associated with the disease, particularly in the rural and peripheral areas with low literacy levels and less awareness of health issues.

3. The Bill seeks to achieve the above objects in the larger interest of people residing in the Islamabad Capital Territory

**Sd/-**
**Ms. Uzma Riaz**
Member, National Assembly

[ قومی اسمبلی میں پیش کردہ صورت میں ]

## علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں تپ دق (ٹی بی) کے مریض کی لازمی اطلاع اور انسداد تپ دق کی ادویات کی بغیر نسخہ فروخت کو محدود کرنے کے لئے احکام وضع کرنے کا

## بل

چونکہ تپ دق (ٹی بی) پاکستان میں ایک وبائی علاقائی بیماری ہے جو انسانوں کو بری طرح متاثر کر رہی ہے لہذا قومی مفاد میں ملک میں اس کے پھیلاؤ اور شرح اموات کو کم کرنا اور اس سلسلے میں ہمارے بین الاقوامی وعدوں اور ذمہ داریوں کو پورا کرنا اشد ضروری ہے؛ اور

چونکہ اسے یقینی بنانا ضروری ہے کہ ٹی بی کے مریض ٹی بی کی صرف معیاری ادویات حاصل کریں؛ اور اس سے منسلک معاملات کے لئے صراحت کر دی جائے۔

بذریعہ ہذا حسب ذیل قانون وضع کیا جاتا ہے:۔

۱۔ **مختصر عنوان و آغاز نفاذ۔** (۱) ایکٹ ہذا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد تپ دق (اطلاع نامہ) بل، ۲۰۲۱ء کے نام سے موسوم ہو گا۔

(۲) یہ پورے علاقہ دارالحکومت اسلام آباد پر وسعت پذیر ہو گا۔

(۳) یہ فی الفور نافذ العمل ہو گا۔

۲۔ **تعریفات۔** (۱) جب تک کہ ایکٹ ہذا میں کوئی چیز موضوع یا متن کے منافی ہو، حسب ذیل تعریفات کا اطلاق ہو گا۔

(i) ''انسداد تپ دق ادویات'' سے مراد تپ دق کے علاج کے لئے استعمال ہونے والی پہلے اور دوسرے مرحلے کی ادویات ہیں بشمول مگر یہ حکومت کی جانب سے وقتاً فوقتاً تشہیر کئے جانے والے جدول میں مذکور ادویات جو کہ انفرادی یا مقررہ خوراک کے ساتھ ملا کر دی جاتی ہے، تک محدود نہیں ہیں؛

(ii) ''مشترکہ انتظامی یونٹ، شعبہ تپ دق'' سے مراد ایڈز، تپ دق اور ملیریا پر قابو پانے کے لئے مشترکہ انتظامی یونٹ کا شعبہ تپ دق ہے؛

(iii) ''ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر'' سے مراد ضلع اسلام آباد / علاقہ دارالحکومت اسلام آباد کا ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ہے؛

(iv) ''فارم'' سے مراد جدول میں صراحت کردہ تپ دق اطلاع نامہ فارم ہے؛

(v) ''حکومت'' سے مراد حکومت پاکستان ہے؛

(vi) ''لیبارٹری'' سے مراد انسانی امراض کا ٹیسٹ کرنے والی تشخیص امراض کی لیبارٹری ہے؛

(vii) ''لیبارٹری انچارج'' سے مراد لیبارٹری کا مالک اور لیبارٹری میں نمونوں کا ٹیسٹ کرنے والا فرد شامل ہے؛

(viii) ''لائسنس جاری کرنے والی اتھارٹی'' سے مراد ادویات اور انسداد تپ دق ادویات کی تھوک و پرچون فروخت کرنے کے لئے لائسنس جاری کرنے والی اتھارٹی ہے؛

(ix) ''لائسنس کا حامل فرد'' سے مراد وہ فرد ہے جس کو لائسنس دینے والی مقتدرہ نے ادویات اور انسداد تپ دق ادویات سمیت ادویات کی تھوک و پرچون کے لئے لائسنس جاری کیا ہے؛

(x) ''مقامی صحت عامہ کی سہولت'' سے مراد اور اس میں شامل ہیں: تمام سرکاری شعبے کے ہسپتال، طبی مراکز، دیہی صحت مراکز؛ بنیادی صحت کے یونٹس، اور علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں تپ دق کی نگہداشت کرنے والی ڈسپنسریاں؛

(xi) ''طبی معالج'' سے مراد وہ شخص ہے جو پاکستان میڈیکل کمیشن کے ساتھ رجسٹرڈ ہو؛

(xii) ''وزارت'' سے مراد وفاقی وزارت برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت، حکومت پاکستان ہے؛

(xiii) ''اطلاع دینا'' سے مراد اس ایکٹ کے تحت مجوزہ طریق ہائے کار کی مطابقت میں تپ دق کے تشخیص کردہ مریض کے بارے میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفس یا مقامی صحت عامہ سہولت میں متعلقہ افسر کو اطلاع نامہ بھیجنا ہے؛

(xiv) ''مریض'' سے مراد ایسا شخص ہے، جسے امراض سینہ یا دیگر امراض سے متاثرہ ٹی بی کے مریضوں کے بارے میں قومی ٹی بی رہنما اصولوں میں مجوزہ کسی بھی تشخیصی معائنے کی بنیاد پر تپ دق کا مریض قرار دیا گیا ہو؛

(xv) ''نسخہ'' سے مراد وہ ادویات ہیں جو کسی رجسٹرڈ طبی معالج یا رجسٹرڈ روایتی طبی معالج نے تجویز کی ہوں؛

(xvi) ''مجوزہ طریق ہائے کار'' سے مراد تپ دق کے علاج کا مجوزہ طریقہ ہے؛

(xvii) ''حامل نسخہ'' سے مراد وہ شخص ہے جس کے پاس علاج کا کارآمد نسخہ ہو؛

(xviii) ''قرائنی مریض'' سے مراد وہ شخص ہے جس کو ٹی بی سے متاثر ہونے کا شبہ ہو اور وہ کسی دیگر معلوم وجہ یا وضاحت کے باوجود دو ہفتے سے زائد عرصہ سے کھانسی اور بخار کی علامات میں مبتلا ہو؛

(xix) ''پوشیدگی اور رازداری'' سے مراد یہ ہے کہ مریضوں، ان کے گھرانوں اور متعلقین کے بارے میں کوئی معلومات، ماسوائے مریض کو نگہداشت اور معاونت فراہم کرنے والے موزوں طبی ماہرین، کسی بھی فریق کو نہیں بتائی جائیں گی؛

(xx) معیاری ادویات سے مراد وہ ادویات ہیں جن کی ڈبلیو ایچ او ٹی بی کے خاتمہ کی حکمت عملی اور ڈبلیو ایچ او کے متعلقہ ادویات کے پیشگی اہلیت پروگرام کی جانب سے استعمال کے لئے سفارش کی گئی اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کی جانب سے پاکستان میں استعمال کے لئے اجازت دی گئی ہو؛

(xxi) "روایتی طب کا رجسٹرڈ پریکٹیشنر" سے مراد وہ شخص ہے جو وقتاً فوقتاً ترمیم شدہ یونانی، آیورویدک اور ہومیو پیتھک پریکٹیشنرز ایکٹ (۲ بابت ۱۹۶۵ء) کی دفعہ ۲۴ کے تحت رجسٹرڈ ہو؛

(xxii) "کارآمد نسخہ" سے مراد وہ نسخہ ہے جو کسی رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر کی جانب سے جاری کردہ ہو جس کا وقت ختم نہ ہوا ہو اور نہ ہی اس کی جگہ نیا نسخہ تجویز کیا گیا ہو اور جو ادویات کے حصول کے لئے پہلے استعمال شدہ نہ ہو۔

## حصہ۔دوم۔الف

## تپ دق کیس کا اعلان کرنے، ریکارڈ رکھنے اور تعلیمی رسائی

۳۔ **نوٹیفکیشن فارموں کی تیاری و تقسیم۔** ضلعی صحت آفیسر اسلام آباد کا علاقہ دارالحکومت اسلام آباد میں کام کرنے والے ہر میڈیکل پریکٹیشنر، نجی کلینک، نجی ہسپتال، رجسٹرڈ روایتی طبی معالجین، کمیونٹی رہنماؤں، ٹی بی سول سوسائٹی کی تنظیموں، ہسپتالوں کے سربراہان اور صحت کی سہولیات، جیسا بھی ضروری ہو، کو جدول۔دوم میں منسلکہ۔I پر دیئے گئے ٹی بی کیس کے نوٹیفکیشن کے فارم۔الف کی نقول تقسیم کرے گا اور فراہم کرے گا۔

۴۔ **رجسٹرڈ روایتی صحت کی خدمات فراہم کنندہ کے فرائض۔** (۱) ایک رجسٹرڈ روایتی صحت کی خدمات فراہم کنندہ ضلعی صحت افسر یا صحت عامہ کی مقامی سہولت کو ایک مکمل فارم ارسال کرتے ہوئے جیسا کہ جدول کے فارم ب میں صراحت کی گئی ہے، مریض کی اطلاع فراہم کرے گا۔

(۲) وہ حسب ذیل خدمات بھی سرانجام دے گا:

(الف) اپنے مریضوں کو صحت عامہ کی سہولیات کے ذریعے مفت تشخیص اور علاج معالجہ کی خدمات کی دستیابی کی اطلاع دینا؛

(ب) تپ دق کے پھیلاؤ کو روکنے کے لئے حکمت عملیاں وضع کرنا؛

(ج) نوٹیفکیشن کی ضرورت کی صراحت کرنے والا اور تپ دق کی علامات اور اسے پھیلنے سے روکنے کے اقدامات کو بیان کرنے والا اشتہار نمایاں جگہ جہاں مریضوں کو نظر آسکے، پر آویزاں کرنا؛

(د) مریضوں کے علاج معالجہ کے دوران مدد کے طور پر سماجی تحفظ کے نظام تک رسائی کے لئے ان کو مشورہ دینا؛

(ہ) مریضوں کو ضمنی اثرات کی صورت میں مناسب کونسلنگ کے لئے بھیجنا؛ اور

(و) مریض کو تپ دق کی تشخیص، علاج اور تنہائی، رازداری اور داغدار شناخت اور امتیاز سے مبرا ہونے کے اصولوں کی پابندی کی رپورٹنگ کی ذمہ داری سے مطلع کرنا۔

۵۔ **نجی پیتھالوجیکل لیبارٹریز اور ہسپتالوں کی جانب سے تپ دق کے مریضوں کا نوٹیفکیشن ۔** (i) جب کوئی لیبارٹری تپ دق ٹیسٹ کے کسی شخص کے نمونہ کے نتیجہ میں مثبت نشاندہی کرتی ہے تو لیبارٹری انچارج ضلعی صحت افسر یا مقامی سرکاری سہولت مرکز صحت کو مکمل فارم جیسا کہ جدول کے فارم۔ج میں صراحت کی گئی، ارسال کرے گا۔

(ii) پتھالوجیکل لیبارٹیوں کا انچارج تپ دق کے مریضوں کے ٹیسٹ کے نتائج اور معاون سلائیڈز تشخیص کی تاریخ سے کم از کم دو سال کی مدت تک برقرار رکھے گا۔

(iii) نجی ہسپتال یا کلینک جہاں ایک سے زیادہ میڈیکل پریکٹیشنرز ہوں، کا سربراہ ضلعی صحت افسر یا صحت عامہ کی مقامی سہولت میں مکمل فارم جمع کروائے گا، جیسا کہ جدول کے فارم۔د میں صراحت کی گئی ہے۔

## حصہ۔دوم۔ب

## مانع تپ دق ادویات کی فروخت کی ممانعت

۶۔ **مانع تپ دق ادویات کی کاؤنٹر فروخت کی ممانعت۔** (۱) کوئی لائسنس یافتہ بشمول فارمیسی یا کیمسٹ ر دوافروش اسٹور درست نسخہ کے علاوہ مانع تپ دق ادویات فروخت نہیں کر سکے گا۔

(۲) اگر کسی لائسنس یافتہ کو نسخہ کے درست ہونے میں شک ہوتا ہے تو لائسنس یافتہ رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنر سے رابطہ کرتے ہوئے نسخہ کے مندرجات کی تصدیق کرائے گا۔ اگر کسی نسخہ کے درست ہونے کی توثیق نہ کی جا سکتی ہو تو لائسنس یافتہ صارف کو مانع تپ دق ادویات کی فروخت سے انکار کر سکے گا۔

۷۔ **مانع تپ دق ادویات تجویز کرنے کی ممانعت۔** کوئی شخص مانع تپ دق ادویات تجویز نہیں کر سکتا جب تک کہ وہ مرد ر عورت ایک رجسٹرڈ طبی معالج نہ ہو۔

۸۔ **لائسنس یافتہ کی جانب سے مانع تپ دق ادویات کی فروخت کے ریکارڈ کو برقرار رکھنا۔** (۱) لائسنس یافتہ مانع تپ دق ادویات کی فروخت کا ریکارڈ برقرار رکھے گا جیسا کہ تجویز کیا گیا ہو۔

(۲) لائسنس یافتہ تجویز کردہ مانع تپ دق ادویات کی فروخت کے ریکارڈ کا تبادلہ اور ترسیل کرے گا۔

۹۔ **معیار یقینی بنانے کے اقدامات۔** ضلعی ہیلتھ افسر صحت سے متعلق نجی شعبہ کے پیشہ ور افراد اور دواخانوں پر یہ ذمہ داری عائد ہو گی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ مریضوں کو صرف معیار کی یقین دہانی (کیواے) کی حامل ٹی بی ادویات فراہم کی جائیں۔

## حصہ۔سوم

## عملدرآمد کی تصریحات

۱۰۔ **نوٹیفکیشن کا طریق کار۔** ایکٹ ہذا کی تصریحات کے تحت مریض کی اطلاع دینے کا ذمہ دار فرد، مجوزہ فارم پر کرے گا اور کیس کی تشخیص کے ایک ہفتہ کے اندر وہ فارم رجسٹرڈ پوسٹ کے ذریعے یا بذات خود صحت سے متعلقہ مقامی پبلک سہولت یا ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر کو جمع کرائے گا۔

۱۱۔ **ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر کا کردار۔** ڈسٹرکٹ ہیلتھ افسر اسلام آباد حسب ذیل اقدامات یقینی بنائے گا:۔

(i) اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں رجسٹرڈ تمام نجی طبی معالجین، نجی کلینکوں اور ہسپتالوں، رجسٹرڈ نجی روایتی ادویات سے متعلق معالجین اور نجی ہسپتالوں، لیبارٹریز، دواخانوں اور کلینکس کے سربراہان کی جامع فہرست مرتب کرنا۔

(ii) ضلع میں تپ دق کے نوٹیفکیشن کے ذمہ داران کو فارم، پوسٹرز اور دیگر اشیاء دستیاب کرنا۔

(iii) اپنے ایک افسر کو ڈسٹرکٹ ٹی بی کو آرڈینیٹر نامزد کرنا، اگر پہلے نامزد نہ کیا گیا ہو، جو پبلک ہیلتھ کی سہولیات کے کیس میں تمام ایسے نوٹیفیکشنوں کا ڈیٹابیس برقرار رکھے گا۔

(iv) ضلع میں تمام نجی معالجین، نجی کلینکس، نجی ہسپتالوں، نجی طبی سہولت فراہم کنندگان، نجی لیبارٹریوں اور احاطوں کے انچارج نجی دواخانوں کو ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متعلق مطلع کرنا۔

(v) تمام ٹی بی ایم یوز اور نجی معالجین کو حساس اور مدافعتی ٹی بی کیسوں کی تمام کیٹیگریز کے لیے قومی ٹی بی علاج کے رہنما اصولوں کا پوسٹر فراہم کرنا، اور اس بات کو یقینی بنانا کہ اسلام آباد دارالحکومتی علاقہ میں صرف تپ دق کی معیاری ادویات تجویز اور فروخت کی جارہی ہیں۔

(vi) ایکٹ ہذا کی تصریحات سے متعلق آگاہی دینے کے لیے ضلع کے تمام سرکاری و نجی معالجین، نجی کلینکس اور ہسپتالوں کے سربراہان، دیگر صحت کی سہولت فراہم کنندگان، نجی لیبارٹریوں اور دواخانوں کے لیے ایڈز، ٹی بی اور ملیریا کے مشترکہ انتظامی یونٹ کے شعبہ تپ دق کے اشتراک سے آگہی سیمینارز، ورکشاپس منعقد کرنا۔

## حصہ۔ چہارم

## دائرہ اختیار، پابندیاں اور اپیلیں

۱۲۔ **جرمانہ۔** کوئی بھی شخص جو ایکٹ ہذا کی کسی تصریح کی خلاف ورزی کرتا ہے پہلی بار جرم کے ارتکاب کی صورت میں دس ہزار روپے تک جرمانہ اور بار بار جرم کا ارتکاب کرنے کی صورت میں بیس ہزار روپے تک جرمانہ کی سزا کا مستوجب ہوگا۔

۱۳۔ **جرم کی سماعت کا عدالتی اختیار۔** کوئی بھی عدالت ایکٹ ہذا کے تحت کسی بھی جرم پر سماعت نہیں کرے گی ماسوائے سیکرٹری وزارت برائے قومی صحت خدمات، ضوابط و معاونت یا اس ضمن میں اس کی جانب سے کسی مجاز افسر کے تحریری شکایت دینے کے۔

۱۴۔ **دائرہ اختیار۔** ایکٹ ہذا کے تحت درجہ اول کے جوڈیشل مجسٹریٹ یا اس سے اعلیٰ جوڈیشل اتھارٹی کو ان جرائم کی سماعت کے اختیار ہوگا۔

۱۵۔ **اپیل کا حق۔** (۱) جوڈیشل مجسٹریٹ سے سزا یافتہ کوئی شخص سزا دیے جانے سے ۳۰ دن کے اندر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج اسلام آباد کے پاس اپیل دائر کر سکتا ہے۔

(۲) اگر ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج مطمئن ہو کہ انصاف فراہم نہیں کیا گیا تو وہ اس سزا کو منسوخ یا تبدیل کر سکتا ہے، مگر شرط یہ ہے کہ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج تحریری فیصلہ دے گا جس میں اس سزا کی تنسیخ یا تبدیلی کی وجوہات دی جائیں گی۔

## حصہ۔ پنجم

## متفرق تصریحات

۱۶۔ **قانونی تحفظ۔** کسی بھی افسر کے خلاف کوئی مقدمہ، استغاثہ یا دیگر قانونی کارروائیاں نہیں کی جائیں گی جو ایکٹ ہذا یا اس کے تحت وضع کردہ قواعد کی اغراض کے لئے نیک نیتی سے کوئی فرائض سرانجام دے رہا ہو یا اس کا ارادہ رکھتا ہو۔

### جدول

(دفعہ ۲(xvii) ملاحظہ ہو)

فارم الف

رجسٹرڈ طبی معالج کے پر کرنے کے لئے ٹی بی نوٹیفکیشن فارم

| نمبر شمار | مطلع کرنے والے طبی معالج کے کوائف | تفصیل |
|---|---|---|
| ۱ | حوالے کرنے والے فزیشن کا نام | |
| ۲ | پی ایم سی رجسٹریشن نمبر | |
| ۳ | پتہ | |
| ۴ | ٹیلی فون نمبر | |
| ۵ | مریض کے پہلی مرتبہ آنے کی تاریخ | |
| ۶ | بیماری شروع ہونے کی تاریخ | |
| ۷ | نوٹیفکیشن فارم بھیجنے کی تاریخ | |
| مریض کے کوائف | | |
| ۸ | مریض کا نام نیز والد یا خاوند کا نام | |
| ۹ | عمر / تاریخ پیدائش | |
| ۱۰ | جنس | |
| ۱۱ | مذہب | |
| ۱۲ | شہریت / قبیلہ / ذات | |
| ۱۳ | فون نمبر | |
| ۱۴ | پتہ | |
| ۱۵ | قومی شناختی کارڈ نمبر | |
| ۱۶ | پیشہ | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۷ | سماجی و معاشی حیثیت | | |
| مریض کی کلینکل سمری | | | |
| ۱۸ | خاندان یا قریبی رشتہ داروں میں تپ دق کی سرگزشت | | |
| ۱۹ | کیا یہ معاملہ علاج کی پیروی، ناکامی یا تبدیلی سے ہونے والے نقصان کے بعد دوبارہ علاج کی سہولت کا ہے؟ | | |
| ۲۰ | علامات، کھانسی، بخار، وزن میں کمی، رات کو پسینہ | | |
| ۲۱ | بیک وقت ایڈز، شوگر ہونے کی صورت میں | | |
| ۲۲ | سپوٹم اے ایف بی یا دیگر نتائج | | |
| ۲۳ | جسم کی رطوبتوں کا کلچر | | |
| ۲۴ | ریڈیالوجی نتائج | | |
| ۲۵ | پلمونری یا ایکسٹرا پلمونری | | |
| علاج کی سرگزشت | | | |
| ۲۶ | پہلے سے زیر استعمال ادویات | | |
| ۲۷ | تجویز کردہ ادویات | | |

<u>فارم ب</u>

## رجسٹرڈ روایتی طبی معالج کے پُر کرنے کے لئے ٹی بی نوٹیفکیشن فارم

| نمبر شمار | مطلع کرنے والے ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ کے کوائف | تفصیل |
|---|---|---|
| ۱ | ہیلتھ کیئر فراہم کنندہ کا نام | |
| ۲ | پریکٹیشنر کا رجسٹریشن نمبر | |
| ۳ | پتہ | |
| ۴ | ٹیلی فون نمبر | |
| ۵ | مریض کے پہلی مرتبہ آنے کی تاریخ | |
| ۶ | بیماری شروع ہونے کی تاریخ | |
| ۷ | نوٹیفکیشن فارم بھیجنے کی تاریخ | |
| مریض کے کوائف | | |
| ۸ | مریض کا نام نیز والد یا خاوند کا نام | |
| ۹ | عمر / تاریخ پیدائش | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۰ | جنس | |
| ۱۱ | مذہب | |
| ۱۲ | قومیت / قبیلہ / ذات | |
| ۱۳ | فون نمبر | |
| ۱۴ | پتہ | |
| ۱۵ | قومی شناختی کارڈ نمبر | |
| ۱۶ | پیشہ | |
| ۱۷ | سماجی و معاشی حیثیت | |
| مریض کی کلینکل سمری | | |
| ۱۸ | خاندان یا قریبی رشتہ داروں میں تپ دق کی سرگزشت | |
| ۱۹ | آیا یہ معاملہ علاج کی پیروی، ناکامی یا تبدیلی سے ہونے والے نقصان کے بعد دوبارہ علاج کی سہولت کا ہے۔ | |
| ۲۰ | علامات، کھانسی، بخار، وزن میں کمی، رات کو پسینہ | |
| ۲۱ | بیک وقت ایڈز، شوگر ہونے کی صورت میں | |
| ۲۲ | سپوٹم اے ایف بی یا دیگر نتائج | |
| ۲۳ | جسم کی رطوبتوں کا کلچر | |
| ۲۴ | ریڈیالوجی نتائج | |
| ۲۵ | پلمونری یا ایکسٹرا پلمونری | |
| ۲۶ | کوئی دیگر ٹیسٹ جو کیا گیا ہو | |
| علاج کی سرگزشت | | |
| ۲۷ | پہلے سے زیر استعمال ادویات | |
| ۲۸ | تجویز کردہ ادویات | |

**فارم ج**

**سربراہ / مالک، پتھالوجسٹ یا پتھالوجیکل لیب میں کام کرنے والے لیبارٹری ٹیکنیشن کی جانب سے پر کیا جانے والا نوٹیفکیشن فارم**

| نمبر شمار | اعلان کنندہ کے کوائف | تفصیل |
|---|---|---|
| ۱ | پتھالوجیکل لیبارٹری کے انچارج / پتھالوجسٹ کا نام | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۲ | عہدہ | | |
| ۳ | قابلیت | | |
| ۴ | پتہ | | |
| ۵ | ٹیلی فون نمبر | | |
| ۶ | نمونہ وصولی کی تاریخ | | |
| ۷ | ٹیسٹ کرنے والے شخص کا نام اور عہدہ | | |
| ۸ | نوٹیفکیشن فارم بھیجنے کی تاریخ | | |
| مریض کے کوائف | | | |
| ۹ | مریض کا نام نیز والد یا خاوند کا نام | | |
| ۱۰ | عمر ر تاریخ پیدائش | | |
| ۱۱ | جنس | | |
| ۱۲ | فون نمبر | | |
| ۱۳ | پتہ | | |
| ۱۴ | قومی شناختی کارڈ نمبر | | |
| مریض کی کلینکل سمری | | | |
| ۱۵ | علامات، کھانسی، بخار، وزن میں کمی، رات کو پسینہ | | |
| کئے گئے ٹیسٹ۔ نتائج | | | |
| ۱۶ | سپوٹم کے مائیکروسکوپک نتائج | | |
| ۱۷ | کسی دیگر رطوبت کے مائیکروسکوپک نتائج | | |
| ۱۸ | سپوٹم کا کلچر | | |
| ۱۹ | جسمانی رطوبتوں کا کلچر | | |

فارم د

ٹی بی نوٹیفکیشن فارم جو احاطے کو منتظم کرنے کے ذمہ داران کی جانب سے پر کیا جائے گا۔

| نمبر شمار | اعلان کنندہ کے کوائف | تفصیل | |
|---|---|---|---|
| ۱ | نام | | |
| ۲ | عہدہ | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۳ | پتہ | | |
| ۴ | ٹیلی فون نمبر | | |
| ۵ | وہ تاریخ جب اس شخص میں کھانسی اور بخار کی علامات ظاہر ہونا شروع ہوئیں | | |
| ۶ | نوٹیفکیشن فارم بھیجنے کی تاریخ | | |
| مریض کے کوائف | | | |
| ۷ | مریض کا نام مع ولدیت یا خاوند کا نام | | |
| ۸ | عمر / تاریخ پیدائش | | |
| ۹ | جنس | | |
| ۱۰ | فون نمبر | | |
| ۱۱ | پتہ | | |
| ۱۲ | قومی شناختی کارڈ نمبر | | |
| مریض کی کلینکل سمری | | | |
| ۱۳ | علامات، کھانسی، بخار، وزن میں کمی، سونے میں شدت سے پسینہ آنے کا مرض | | |
| کیئے گئے ٹیسٹ۔ نتائج | | | |
| ۱۴ | کیئے گئے ٹیسٹوں، اگر ہوں، کا حوالہ | | |

فارم د

**دواخانے کے نگران کی جانب سے پُر کرنے کے لئے ٹی بی نوٹیفکیشن فارم**

| نمبر شمار | اعلان کنندہ طبیب کے کوائف | | تفصیل |
|---|---|---|---|
| ۱ | ارسال کنندہ طبیب کا نام | | |
| ۲ | پی ایم ڈی سی رجسٹریشن نمبر | | |
| ۳ | پتہ | | |
| ۴ | ٹیلی فون نمبر | | |
| ۵ | مریض کے پہلی مرتبہ آنے کی تاریخ | | |
| ۶ | بیماری شروع ہونے کی تاریخ | | |
| ۷ | نوٹیفکیشن فارم بھیجنے کی تاریخ | | |
| مریض کے کوائف | | | |
| ۸ | مریض کا نام مع ولدیت / شوہر کا نام | | |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۹ | عمر/تاریخ پیدائش | | |
| ۱۰ | جنس | | |
| ۱۱ | مذہب | | |
| ۱۲ | شہریت/قبیلہ/ذات | | |
| ۱۳ | فون نمبر | | |
| ۱۴ | پتہ | | |
| ۱۵ | قومی شناختی کارڈ نمبر | | |
| ۱۶ | پیشہ | | |
| ۱۷ | سماجی و معاشی حیثیت | | |
| مریض کا طبی معائنہ | | | |
| ۱۸ | خاندان یا قریبی رشتہ داروں میں تپ دق کی سرگزشت | | |
| ۱۹ | علاج کی پیروی، ناکامی یا تبدیلی سے ہونے والے نقصان کے بعد دوبارہ علاج کی سہولت | | |
| ۲۰ | علامات، کھانسی، بخار، وزن میں کمی، رات کو پسینہ | | |
| ۲۱ | بیک وقت ایڈز، شوگر ہونے کی صورت میں | | |
| ۲۲ | سپوٹم اے ایف بی یا دیگر نتائج | | |
| ۲۳ | جسم کی رطوبتوں کا کلچر | | |
| ۲۴ | ریڈیالوجی نتائج | | |
| ۲۵ | پلمونری یا ایکسٹرا پلمونری | | |
| علاج کی سرگزشت | | | |
| ۲۶ | پہلے سے زیر استعمال ادویات | | |
| ۲۷ | تجویز کردہ ادویات | | |

## بیان اغراض و وجوہ

پاکستان میں تپ دق (ٹی بی) ایک وبائی موذی قاتل بیماری ہے جو بڑے پیمانے پر انسانوں کی تکلیف کا باعث ہے اور قومی معیشت کو بری طرح متاثر کر رہی ہے، جس سے پاکستان کے سماجی تعلق میں بگاڑ کا باعث ہے۔ اس وقت تقریباً 600,000 افراد کو اس نے متاثر کیا ہے اور تقریباً 44,000 افراد کی سالانہ ہلاکتیں ہوئی ہیں جو کہ معاشرے پر گہرے اثرات مرتب کرتی ہیں۔ اس بیماری کو صرف اس صورت میں کنٹرول اور بعد ازیں ختم کیا جاسکتا ہے اگر موجودہ ٹی بی کے کیسز کی نشاندہی اور علاج کیا جائے اور ان کو دوسرے افراد کو متاثر کرنے سے روکا جائے اور اس کے ساتھ ساتھ اس بیماری کے خلاف دیگر حفاظتی اقدامات اٹھائے جائیں۔ اگرچہ ٹی بی کی

تشخیص، علاج اور نفسیاتی سروسز لوگوں کو مفت فراہم کی جاتی ہیں، یہ ضروری ہے کہ ملک میں اس کے پھیلاؤ اور پھیلاؤ کو کم کیا جائے گا تاکہ پاکستان کی عوام کی صحت کو لاحق اس بیماری کا خاتمہ کیا جائے۔ اس وقت ہر سال نئے ٹی بی کے تقریباً ایک تہائی کیسز ریکارڈ میں نہیں آتے ہیں اور سرکاری ڈیٹا بیس میں دستیاب نہیں ہوتے ہیں جو کہ پاکستان میں بیماری کے بوجھ کو کم کرنے کی کوششوں کو ناکام بنا دیتے ہیں۔ اس مقصد کے لئے نجی صحت کے شعبے کے تعاون کی انتہائی اہمیت ہے تاکہ ٹی بی کے کیسز کی فوری طور پر رپورٹ ہو سکے تاکہ ان کو سرکاری سطح پر اعدادوشمار کیا جا سکے مزید برآں ٹی بی کی ادویات کی فروخت کو محدود کرنے جیسے کچھ اقدامات سے مسئلے کو حل کرنے میں کافی مدد ملے گی۔

۲۔ بالا بل کا مقصد بنیادی طور پر حسب ذیل کا حصول ہے:

(الف) اسلام آباد دارالحکومتی علاقے میں ٹی بی کو سرکاری سطح پر قابل ذکر بیماری بنایا جائے جیسا کہ زیادہ تر صوبوں نے پہلے ہی کیا ہے تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ تپ دق کے ہر کیس کی دارالحکومت میں، آیا سرکاری یا نجی شعبے میں نشاندہی ہو سکے اور مناسب علاج فراہم کیا جائے تاوقتیکہ علاج سے شفاء مل جائے؛

(ب) تمام پرائیویٹ ڈاکٹروں اور پرائیویٹ لیبارٹریز کے لئے تمام اقسام کے ٹی بی کے مریضوں کی تشخیص و علاج لازمی قرار دیا جائے، جس کی رپورٹ وضع کردہ طریقہ کار کے مطابق ضلعی صحت اتھارٹیز کو دی جائے جو کہ پہلے ہی سرکاری شعبہ صحت میں مروجہ ہے؛

(ج) پرائیویٹ فارماسیز کے لئے انسداد ٹی بی ادویات کی فروخت کو صرف مصدقہ نسخے پر فروخت کرنا لازمی کیا جائے اور نسخے کی تصویر کے ساتھ ای ٹی بی موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے ان مریضوں کو نوٹیفائی کیا جائے؛

(د) اس امر کو یقینی بنایا جائے کہ تمام ٹی بی مریضوں خاص طور پر نجی شعبے میں، بطور حق ٹی بی کیئر سروسز بشمول معیاری ٹی بی ادویات مع درست دوائی کی مقدار فراہم کی جائے اور اس کو لازمی کیا جائے کہ وہ صرف تجربہ کار طبی ماہرین کے نسخے پر انہیں فروخت کی جائیں؛ اور

(ہ) ٹی بی کے مریضوں کی نجی معلومات کو خفیہ رکھا جائے گا اور سماجی تحفظ فراہم کیا جائے اس کے ساتھ بیماری سے وابستہ غلط فہمی کو دور کرنے، ٹی بی کو ختم کرنے کی کوششوں میں اضافہ کیا جائے خاص طور پر دیہی اور کم خواندگی والے علاقوں میں اور صحت کے مسائل کے بارے میں کم شعور رکھنے والے علاقوں میں کوششوں میں اضافہ کیا جائے۔

۳۔ بل ہذا کا مقصد اسلام آباد دارالحکومتی علاقے میں رہنے والے عوام کے وسیع مفاد میں بالا اغراض کا حصول ہے۔

دستخط/۔
محترمہ عظمیٰ ریاض
رکن، قومی اسمبلی پاکستان